کہ تیری نام پہ ہین بس جان و دل
اور نجانی تو کون ہی مجنون

ہو یہان رات دن تیری بس یاد
اور نہ پوچھی تو کون ہی فرہاد

ای بت سنگ قلب و بی پروا
اتنا بہی چاہیی نہ استغنا

عشق مین نیک و بد کی کر نہ تمیز
کوہکن کو بہی جان بس ہی عزیز

شکل شیرین ذرا دکہا دی تو
جام شیرین کو تی پلا دی تو

ہون زبس تلخکام ای دلدار
دی ذرا اپنا شربت دیدار

مضطرب ہو کی عاشق جانکاہ
اوسکی جانب کو ایک کر کی نگاہ

کیا ایک ایسا نالۂ جانکن
قصر شیرین مین ہو گیا روزن

در بیان اثر کردن فریاد فرہاد و رخنۂ اضطراب بقصر خاطر شیرین افتادن

ساقیا دی وہ تیز و تند شراب
دل معشوق جس سی ہو بیتاب

نالۂ کوہکن سی یکباری
جان شیرین ہی تلخ ہونی لگی

سوز دل نی غرض یہہ کی تاثیر
لگی ہونی وہ غنچہ لب دلگیر

٣١

جیسا یہہ کہتا تہا نالہ سرد | ویسا ہوتا تہا اوسکی دلمین درد
جیسا گہبرای تہا یہ جان حزین | ویسی ہوتی تہی مضطرب شیرین
عاقبت عشق منتہا کی سبب | ہوگئی ایک جان دو قالب
لیک مانع تہی اوسکی شوکت و شان | کہ یہ مطعون کری کوئی انسان
ضبط کرتی تہی سوز الفت کو | دیکہہ خسرو کو اور شوکت کو
کہ مبادا کسی کو ہو معلوم | پہنچی مدین مین یہہ خبر تا روم
ایک مزدور سی ہوئی ہمدم | وہ جو شیرین تہی والی ارمن
ایسی پیدا ہوئی یہہ بدکردار | نام ہارون کا کردیا بس خوار
نام نوشیروان کو داغ لگا | گیا اوسمین پاس خسرو کا
القصہ العقل عاقبت زن ہے | بی شک شبہہ دین کی دشمن ہے
بس لحاظ اسکو تہا یہہ دلگیر | لیک ہے عشق کی عجب تاثیر
خشک لب تلخکام اوسکو کیا | چشم تر زرد فام اوسکو کیا
ہر پرستار دیکہہ اوسکا یہہ حال | لگی آپس مین کرنی قال و مقال
کہ عجب رنگ ہوگیا بی بی کا | نہین کہلتا ہی حال جی کا
دیکہہ یہہ شکل سبکی اوڑ گئی ہوش | مثل تصویر رہ گئین خاموش
نسترن بولی تب کہا بانو | ہوگیا کیا جناب اقدس کو
کیون دگرگون ہی حال بانو کا | بس نہ دیکہی کنیز نے اخفا
تلخ ہم کیون نہین جان حزین | خشک ہو جای جب لب شیرین
کیون نہ دل تنگ ہون پرستاران | غنچہ ہو جای جب لب خندان

غنچہ خشک ہو گیا گل تر | گویا باد نسیم تہی یہہ خبر
یک بیک سن یہہ مژدہ جانبخش | بولی ہان لائیو کوئی اب رخش
اوسنی توسن جو جلد منگوایا | بس وہ گلگون شال برق آیا
ڈال رخ پہ نقاب ہو کی سوار | نور کو پوشیدہ کر چلی یکبار
کرون اوس باد پا کا کیا بیان | ہان کی کہتی ہی پہنچا پہانسی وہان
بیستون کی قریب جب پہنچی | رم پہ تو سنی نقاب اولٹی
کوہ پر کی جو اوسنی ایک نظر | پانی پانی ہوا ہر اک پتہر
موم تہا اوسکی آگی کوہ کرخت | نرم تہا سنگ نعل اسپ تہا سخت
ٹہری جس سنگ پہ یہہ بانو | نقش ہر نعل اسب تہا مہر نو
کیون نہ ہو چند سوی اوسکا حال | جسکی پامال ہو نہی چار ہلال
وہان کہڑی ہو کی یار کو دیکہا | پر نہ اوسکا کہین پتا پایا
ہوئی پہر آگی بڑہ کی ہستادہ | کہ ادہر ہی وہ شخص دلدادہ
وہان بہی اوسنا لگا نہ اوسکو سراغ | گل شوق اوسکا ہو گیا اک داغ
پہر وہ ایک سمت کو ہوئی پویا | وہان کہڑی رہ کی سبطرف دیکہا
جا پڑی اوسکی یکطرف کو نگاہ | کہ جدہر تہی صدای نالہ و آہ
دیکہا ایک سمت کو تو ہی ایک دود | ہی وہ یک دود بس غبار آلود
اور تیشی کی ایک سمت جہنکار | کہ سنی سی جو جسکی سینہ فگار
اوسنی جانا کہ ہی وہی فرہاد | بیشک و شبہ تہی وہی نشان
ہی غبار اوسکی سنگ کوبی کا | اور دہوان ہی اوسی کی پہہ چکی کا

بیہوش بخاک افتادن فرہاد

دی وہ ساقی دو آتشہ یکبار — جس سی ہووی دوبارہ اب دیدار
سنکی شیرین نی یہہ کیا ارشاد — ای مین آئی ہون دیکھہ ادہر فرہاد
سنکی آواز گیا بس تن — اور کہا دل سی اپنی ای دل مین
ہی یہہ دیوانگی یہ خیال تیرا — اسنجگہہ کام کیا ہی شیرین کا
تو جو محو خیال ہی اوسکا — تجکو ہر صوت ہی اوسیکی صدا
ایسی تیری کہان نصیب ای دل — کہ پکاری تجہی حبیب ای دل
ہوتی گر ایسی طالع بیدار — تو نہوتا تو ریزہ کہسار
ایسی قسمت ترا کہان انجاک — تو کہان اور کہان وہ عالم پاک
کہہ رہا تہا وہ یہہ بسوز و گداز — تہی مین اور آسنی دی آواز
ہکا بکا سا ہوگیا مضطر — کہ ندای سروش ہی یہہ کدہر
اسمین چارون طرف جو پہر دیکھا — نور سا ایک طرف نظر آیا
حسن شیرین کو دیکھہ وہ لاچار — دامن کوہ پر گرا یکبار
ہوئی پایانہ تک کلام اوسکا — خرمو سی ہوا مقام اوسکا
یہہ اوٹہا کر نقاب بجتا آئی — کہ بلا اوسکی جان پر آئی
اوڑ گیا دیکہتی ہی طائر ہوش — ہوگئی سنگ اوسکی دیدہ و گوش
سامعہ کو وقر نی گہیر لیا — باصرہ پر غشا وہ آن پڑا
حرکت نی بجس کیا آرام — جان مضطر کو ہوگیا آرام

واسطی میری ایجناب لطیف | کیا غضب ہی کہ تجکو تکلیف
جسکی رہوی جلیب منت شکر | اور نہو اوسکی ساتھہ ایک نیشتر
ہای افسوس کیون نہ آئی تجہی | ایسی تنہائی مین جو دیکھون تجہی
کہہ کی یہہ جو متا رکاب اوسکی | ور گہہ دیکہا لگا اوسکی
کبہی اوسپر نثار رہتا جان | کبہی اوسپہ وارتا تہا جان
کبہی رورو کی حال کہتا تہا | رنج ماضی و حال کہتا تہا
وہ بہی روتی تہی زار زار اکثر | اشک کی ہر طرف لگی تہی جہڑی
آخرش اوسنی یہہ کیا ارشاد | کہ ذرا صبر کر تو ای فرہاد
کرچکا ہی تمام تو کہسار | صبر کلید ہی غرض در کا
صبر مشکل کشای عالم ہی | صبر حاجت روای عالم ہی
شجر تلخ صبر گو ہی حزین | لیک رکہتا ہی پہ ثمر شیرین
اوس خدا کا کلام ہی سچا | جسمین یسر بعد عسر کہا
جو اوٹہاتا ہی اپنی جان پہ رنج | بعد ہوتا ہی وہی صاحب گنج
پہلی ہوتا ہی نیشکر پارہ | پیچہی ہوتا ہی وہ شکر پارہ
نیش کی بعد نوش ہی غمگین | تلخی پہلی ہی بعدہ شیرین
صبر کر وعدہ اب قریب آیا | کہ ستون بی ستون کا ٹوٹ گیا
ہو نہ اس کام سی تو اب بیدل | اپنی محنت کو تو نہ کر باطل
کوئی دن کا فراق باقی ہی | اور یہہ اشتیاق باقی ہی
جب کہ اسکو تمام کر دیگا | شرط یہ شک تو شاہ سی لیگا

کہہ کے قرآں سے غذا ہے شریف ‌ ‌ یعنی از قسم شیر لوز لطیف

کہا لے اسکو اے تو اے دلگیر ‌ ‌ دست شیرین سے لقمہ شیر

ہاتھ سے اوس نگار کے لیکر ‌ ‌ دیکے بوسہ رکھا بریدہ تر

اور کہا یہہ نصیب ہیں کسکے ‌ ‌ دست سے اپنے شیر شیرین دے

زہر بھی ہو تو قند ہو شیرین ‌ ‌ کیون نہ شیرین دوچند ہو شیرین

پھر وداع اوس سے وہ لگی ہونے ‌ ‌ وہ لگا اپنی جان کو کھونے

بولی نرہا دلبرا حافظ ‌ ‌ لے ہیں جاتی ہون اب خدا حافظ

کہکے یہہ اور پھر ہوئی کافور ‌ ‌ وہ گئی وہ گئی نظر سے دور

اوسکی جانے سے اسکے ہی فرہاد ‌ ‌ کیا کہون کسقدر ہوا ناشاد

وائے ویلا زبان پہ لایا ‌ ‌ صدمہ ایک طرفہ جان پر لایا

سنگ سے تن فگار کرنے لگا ‌ ‌ آپکو سنگسار کرنے لگا

اور یہہ کہتا تہا اے چرخ کہن ‌ ‌ داغ اب تازہ یہہ دیا دشمن

کیا کیا اب یہہ تونے وائے فلک ‌ ‌ پہر کا زخم جگر پہ اور نمک

آگ ہی کم نہ تہا یہہ سوز ہوس ‌ ‌ شعلہ بہڑکا یا اور ڈال کے خس

اوسکی جو تونے شکل دکھلائے ‌ ‌ پہر سر نو سے آگ بہڑکائے

کیا بگاڑا تہا مینے چرخ ترا ‌ ‌ کیون لیا تونے اب پہر اپنا

مجکو دکھلا کے شکل جانانہ ‌ ‌ کردیا اور مجکو دیوانہ

کاش لاتے نہ وہ یہان تشریف ‌ ‌ رہتے ویسے ہی جیسے تہی تکلیف

اور جو آئے تہی وہ نہ پہر جاتے ‌ ‌ کچھ تصرف جو عشق کا پاتے

۳۵

ذکر چمن آفریدن فرہاد کوہ و صحرا را

حسرت کی اوسنی کیا کہون کیسے
شیر لیکی غزال پہ جیسے

ایک کندہی پہ کہہ لیا تو سن
اور بدوش دگر وہ سیم بدن

اسپ کیا اور کیا وہ شیر ژیان
ہوا دونون کا آپ ہی مرکب

ہو کی خوشوقت کوہ پر کو چلا
منہہ پڑا جسطرف او دہر کو چلا

اور یہہ کہنی لگا بخود فرہاد
جتنا ناشاد تہا ہوا اب شاد

ہی زمین تخت جیسی ہی گردون
مین اب اسکندر اور فریدون ہون

تخت و تاج آج مینی پایا ہے
میری سر پر ہما کا سایا ہے

پارس اوسکی جو لگ گیا تہا ہاتہ
گنج قارون پہ مارتا تہا لات

کیون نہ دیوانہ پہر وہ آئی ہوش
یار در بر نہ بلکہ ہو بردوش

سخت گو کوہ اور جنگل تہا
لیک جنگل مین اوسکو منگل تہا

تہا فلک تن وہ اسقدر جولان
کہ نپاتی تہی گردش دوران

دوش پر اوسکی یون وہ خوش خرم
ماہ سیار جون فلک اوپر

خضر پا بن وہ راہ دکہلائی
کہ نہ شکل دگر نظر آئی

بیٹہی جو دوش پہ وہ یالقا
ہوئی اوسکو دو چند طاقت پا

دیکہا اوسنی نہ نرم و سخت کہین
ذہن مین اپنی چلا گیا یک لخت

ہوئی ایک روز کی جو اوسمین درنگ
لی گیا اوس پری کو سوی سنگ

راکب و مرکب اوسکی دوش پہ تہا
رہ نوردی کی بس وہ جوش مین تہا

تیغ پا اوسکی تہی نہایت تیز
کاٹتا تہا وہ راہ جون شمشیر

کوئی آتا تہا اور نہ جاتا تہا
وہ ہی اوس سخت رہ مین جاتا تہا

آگ ہی وہ سیاہ دل چالیس / بد شہرہ ثانی بلقیس

تہی جو جادو رون طرف کو وہ منہ زور / لیجیو لیجیو کا تہا ایک شور

دیکہ ہر اسکو ارادات تو شیرین / دلمین اپنی ہوئی زبس غمگین

ہوکی لاچار یہہ کہا ارشاد / کہ ذرا ٹہیر جا یہان فریاد

شیرین گر چاہتا ہی شیدائی / تو نخستین قبول کر تلخی

کہ کیا چاہتی ہی شتاب گرمی / جز بشیرین کلامی و نرمی

قند دیتی سے گرمی کو بہی / تو اوسی دیجیئی نہ زہر کبہی

کام جب تک کلام سی نکلی / تا نہ خنجر نیام سی نکلی

گرمہ ہوتا ہی تیز آہن گرم / درحقیقت مین سرد سی ہی وہ نرم

رہتی سالم ہی نرم شاخ درخت / ٹوٹ جاتی ہی جلد چوب کرخت

آب رکہتا ہی خاصیت جو سرد / سرد کر آگ کو کری ہی گرد

حلمہ شیرین سی کوہکن ٹہیرا / کہ وہ بندہ تہا حکم مولا کا

آپہی [illegible] سی اوس پری کو اوس / بس سبک دوش ہوگیا لاچار

اسمین ناپاک تن جو تہی چالیس / ہوگئی گرد انکی وہ ابلیس

حلقہ زن ہوگیا [illegible] ایک سیاہ / ابر مین آگیا یکایک ماہ

آگئی بیچ مین وہ غیرت باغ / گرد بلبل کی ہوگئی سو زاغ

دم کو افعی نے لیا دہن / ہوگیا بیچ مین وہ مار کا من

ہوئی گرد اوسکی زنگیون کی قطار / ہوئی وہ ماہ نقطہ پرکار

نہ وہ زنگی تہی گرد مہ رو کی / کالی گہٹی تہی گرد آہو کی

۳۷

ہوئی حاضر وہ ناکار سیاہ — لپٹی اوسکو برنگ مار سیاہ
کہا شیرین نے کرکے واویلا — پڑی پیچھے تمہارے کالی بلا
باندھتی ہو تم اس غریب کو کیون — ستہ کے تقصیر وار تو مین ہون
مجھہ پہ جو چاہو سو وہ جور کرو — نکینہ ہی اسے نہ تم باندھو
اوس سیہ نے نہ اوسکی ایک سنی — اور بے جہت مار جھڑکی دی
لیگئی کھینچ اوسکو تا بدبخت — باندہا اوسے نکینہ کو پیڑ سی سخت
کہا پھر اوسنے غول سی یہہ کہ — اوسی اور مال سی یہہ ہتیار
اسکو مت جانیو کہ ہی بستہ — ہی یہہ بدذات ایک وارستہ
اور ہی سخت اوسکو کرکے اسیر — سر پہ تب لیکہڑی ہوئی شمشیر
بیچ مین آگیا جو وہ غمگین — بیچ کہانے لگا دل شیرین
اوسنے کی لاکھہ گریہ وزاری — پر نہ گردانی اوسکی ایک سنی
اوسنے رو رو ہزار شور کیا — اوسنے اسکو ہزار شور کیا
جو سنا تہا نہ اوسنے کانو نسی — سو وہ دیکھا عجب ہو دہی
جسکا روکش ہو عیش کیکاوس — اوس پہ نازل ہو یہہ بلا افسوس
پہر وہ مردود آیا اوسکی قرین — اور لگا کہنے تو ای شیرین
تو نے خسرو پہ کچھہ بھی نہ نگاہ — ہو گئی اس لونڈے کی ہمراہ
نہین شاہونکی نسل سی تو مگر — ہی کسی گلہ بان کی دختر
کام کیا تو نے نابکار کیا — بادشاہون کا نام خوار کیا
کیسا کرتا ہون تیرا حال تباہ — مین ہون اور تو ہی اور درگہ شاہ

سن تو ای نابکار بد اوقات — تجھکو مستی لگی یہہ کیا بد ذات

تو نی نا یہہ شاہ کا کیا نہ خیال — اور نہ سمجھی کچھہ اوسکا جاہ و جلال

ہی جو اس لونڈی تو ساتھہ — جان سی ہی تو اپنی دہو اب ہاتھہ

کل جو نگاوہ بوڑہا تہا سنگ — آج تو اوسکی ساتھہ ہی بی ننگ

تو نی پرویز کو لگایا داغ — کسیہ عاشق ہوئی پلید دماغ

نام کسری ہی سیہ کیا یونی — اسم ہارون ڈبویا تو نی

آئی اسجا تو اوسکی دوش بدوش — کہ اوڑین جسکو دیکھہ ہوش کی ہوش

اسقدر تو نڈر ہوئی ناپاک — بلبی چالاکی تیری اوبی باک

حسن نے تجکو کیا کیا مغرور — تو تکبر مین اپنی ہی بس دور

ہو گی نزدیک شاہ کی جسدم — پہر تو دیکہی گی حسن کا عالم

تو سہی تجہہ پہ شہ عتاب کری — اسقدر تجکو شہ خراب کری

کان تک چہین لی تیری سب کر — اور کٹی تجکو وہانسی چل دُر دُر

تو کہہ اپنا نام مین گرتا — ورنہ زنگی تو مجکو مت کہنا

پہر مین دیکھونگا تیری لعل و گہر — کیونکی دیوی گی مجکو بدگوہر

بکرونگا نہ اقصہ معاف — شہ کی ہاتہو نسی لونگا اس مصاف

لی یہہ اوس سی اپنی دلین آہ — لگی کہنی کہ وای بخت سیاہ

جسکو سلطان کری ادب سی سلام — اوس سی یہہ غلام تلخ کلام

جس کسی سی کری سخن شیرین — زہر ہی ہو تو قند ہو شیرین

مینی ہر چند اسکو سمجہلایا — پر نہ دل اس سیاہ کا پگہلا

۳۹

مجکو دبنا ہی اسقدر دشنام
کیا کرون آہ بخت ...
ہائی زمین سخت و آسمان دور
کہین ہو جائی شق زمین دو در
کہ سما جاؤن ...
کاش اسوقت ...
یا کہین موت ...

کہ ستی ہو نہ جکی اوسکی سی | کیون نہ پہر وہ ملول سرگون ہا
یہہ تو تہی اس غم و الم مین خموش | آیا پہر اوس لعین کا تہ بیہوش
کہینچ خنجر نیام ستی ناگاہ | ہو ... ہو ... در گہ شاہ
دیکہہ اوس تلخ کی سخن شیرین | پہر لگی کرنی مصلحت آگین
کہ یہہ کالی بلا زبس ہے سخت | اس ستی کیجی نہ کچہہ کلام کرخت
بولی ای بادشاہ ملک حبش | سر ... کر اپنی تیرے آتش
ہون مین ایک کمترینہ تیری کنیز | تو نے پہنچایا یہہ راز تا پرویز
لعل لیے اتہی اور دُرِ زیبا | اور لی اتنی تحفہ دیا
اہی یاقوت اور دُرِ مکنون | کانسے اپنے کہول دیتی ہون
اور جو ہو کچہہ تجہی ہوس افزون | تو نقاب اپنی مین اولٹتی ہون
دیکہہ لی گنج گوہر نایاب | لکچہ حسن غیرت مہتاب
مین وہ کو راز یہہ کہنی لگا | ہیگا یہہ مکر دوسرا تیرا
مین نہ ہرگز کرونگا کچہہ اقبال | ہوگا حاصل نہ جب تک وصال
مین ہیون شاہ اور تو بانوی | پہر تو مین مانوز جو کہی مجکو
تلخ شیرین یہہ سنکی دلکین | آتش ایک ... آب دل مین ہوی
بولی تو نی یہہ کیا کہا گرا | یہہ بہلا بات تجکو ... با
جان لونڈی سی ہی مجہی کمتر | کہ کرون ذکر تیرا شام و سحر
اور جو تو کہی سو لاؤن بجا | پر نہ یہہ حرف تو زبان پر لا
شیرین شیرین کلام کرتی تہی | اوسکو ستو سلام کرتی تہی

۱۸۱

حسن عالم میں شاذ و یکتا ہی   نیک قسمت سی حسن ملتا ہے
حسن دانش ربای عالم ہی   حسن دانش فزای عالم ہے
حسن طرفہ ہی دو دہ تیغ   حسن نادر ہی نسخہ اکسیر
حسن ہی دام دوست اور دشمن   حسن ہی طوق گردن رہزن
کام اوسکا جمال سی نکلا   زر سی نکلا نہ مال سی نکلا
کی جو شیرین نے اوسکی رخ پہ نگاہ   بولی کیا شکل ہی معاذ اللہ
کہہ یہ ناز اوسکی سر کی وہ اوندھے   جیسی رہوی بخیل کی ہانڈی
آنکہہ وہ جیسے تہا نہ ایک خلل   چشم بد دور غیرت حنظل
ناک وہ مثل غوک پژمردہ   دانت وہ مثل سلک خرمہرہ
اور وہ رخسار پاچک صحرا   یا کوئی گلگلا ہو سخت جلا
یون وہ لب اوسکی غیرت زاغی   جیسی کیلی کی ہو پہلی داغی
کان اوسکا اگر نظر آوے   شیر کہ دیکہہ اوسکو اوڑ جاوے
پوست اوسکا تہا اگر کسی ہی   یا کسی خر کا تہا سیہ بخت
سر سی پا تک وہ خرس بن بن   مو بہو تہا سیاہ دیو لعین
اوسکی صورت جو دیکہہ اوس شاہ نے   ڈال لئے ڈرکی اپنی منہہ پہ نقاب
دل میں کہنی لگے وہ ماہ لقا   پہنس گیا جال مین ہوا کوا
ایسا کچہہ کیجئی اسی ارشاد   کہ ہو فرہاد قید سی آزاد
بولی زنگی سی پہر کی اک آہ   کہ سنا مینی دل کو دل سی ہے راہ
یعنی بس مجہکو تجہسی الفت ہی   کچہہ تجہی بہی مجہسی ہے محبت سے

قلعہ کوہ ہی جو یہہ ایک سنگ کا — ولکشا اسمین قصر ہو یک رنگ

اسمین تو اور ہم رہین باہم — خوف سنہ کا ہی نہ جور کا غم

بولا یہہ کام سخت ہی مشکل — کہ اسمین [illegible] یہہ کہ ہی یک دل

جب کوئی برسون اپنا سر مارے — تو کوئی طاق بنا دے اسمین نہ

زن و مرد اپنا لاکہہ سر پہوڑین — تو کہین شاید ایک حجر توڑین

لیکہ یہہ سخت کام ہی بانو — ہو ہی کس سی تمام ای بانو

بولی یہہ کام کو کہن سی ہو — زن سی ہو ویرانہ تیغ سی ہو

کہا پہر مرد اوسکو دیوین کیا — بولی زر و زن سی [illegible]

کہا لاؤن کہا سی اپنا مین زر — بولی زر کیا ہی پاس میری گہر

ایک ایک لعل جسکا ہی خراج یمن — اور ہر در ہی حاصل ارمن

کہول دی اسکو تو درخت سی اب — تا یہہ سر ماری سنگ سخت سی اب

کام مین اپنی گرم ہو مزدور — اور تیترا بہی کام ہو سی ضرور

کہا یہہ عقل سی بہت ہی دور — کہول دون مین اوسی جو تیرا حضور

ہنسی سا تہہ اوسکی کیا کیا ہی پہلا — ہو وہ کہل کے نہ لیوی گا بدلا

بولی اسمین نہین ہی بغض و حسد — پاک ہی وہ زکبر و کینہ و کد

جو مین کہتی ہون سو وہ کرتا ہی — کام پر میری بس وہ مرتا ہی

میری خاطر سی ایک چشمہ شیر — لایا ایک ماہ مین وہ بی [illegible]

گوہر شب چراغ مینی دیے — اوسنی پا پر مری نثار کئی

فرق اسمین نہین ہی ای محرم — مجکو عیسی کی خر کی سم کی قسم

سا تهه گرا کی کوهکن لاچار — آیا شیرین کی پاس زار و نزار

بولا شیرین نی رتبه ای مایوس — هی اگرچه یهه جا هی صد افسوس

دیکهه فرهاد کو ... — دلدهی کرتی تهی غرض پرورو

جل گیا دیکهه کر وه اشک بسی — لگا کهنی که هائی رشک پری

کیون ہاسی دیکهه کر تو روتی هی — کیون تو بی اختیار هو لیکی

جلد اب اسکا نام وه فرما — جسلی تو نی اسکو کهلوایا

خیر ذلیل ... پیچ کها کی بهت — اور رنج و تعب اوٹها کی

یکی غصه کو بولی ای فرهاد — کر محل کوه پر بنا ایجاد

جی کو مرغوب هی یهان کی هوا — دل کو مطلوب هی یهان کی هوا

هون زبس تنگ اب مین ای بیتاب — دلکشا یهان مکان بنا تو شتاب

الغرض کوهکن نی کوه به جا — کیا طیار ایک محل اچها

طاق گرا هی اوس محل کا نام — اینک اوسکا هی شان مقام

کیا آراسته وه ایسا محل — که تها اوسمین ایک سوی

هوتی رونق فزا وهان شیرین — پیچهی هی وه بهی آن پهنچا لعین

دیکهو قدرت کا هی یهه کهیل تماشا — هی غریبون کا آخرش مولا

آسی آواز غیب سی یکبار — لگیکی مال زنگیان طرار

دوڑا وه غول جانب صحرا — رهگیا بس وه روسیه تنها

جا ها شیرین به ماتهه دوڑاوی — مه کو ابر سیاه مین لاوی

دیکهه شیرین نی اس حزین کی طرف — کی اشارت ایک اوس لعین کی طرف

ساقیا دی وہ تیز رو ہا با — جس سے دیکھون وطن کے جلد ہوا

حکم شیرین کو جان وحی سمجھا — ایکدم بھی نہ بس وہ وہان ٹھیرا

گو کہ دشمن تھا اسکی حسین سفرا — کہ صبا گئی تھی دوری دار

پر وہ تسلیم اور رضا مین تھا — جو کہا دوست نے قبول کیا

پشت پر رکھہ لیا وہ اپ سقط — اور اوسے دوش پر پکی نمط

باد بنکر وہ اوس مکان سے چلا — تیر کی طرح بر زبانی چلا

پاؤن رکھتا تھا وہ بیابان مین — ذہن ان دو ہاتھ سے اپنی

دو نو پا اوسکی یون تھی سقف مین — ایک فرقت مین ایک حلت مین

قصر شیرین کی سمت راجع تھا — یعنی راجع الی المضاجع تھا

پہنچا جب وہ غریب ایک کوس — کھنچی ایک آہ دل بصد افسوس

تھی جو پیوند دوش وہ محمل — جملہ تن اوسکا ہوگیا بیکل

ہوا اثر بخش کیون نہ آہ اوسکی — کہ وہ ایک عضو کو تمکن کا تھی

یون وہ بولی کہ ہای ای فرہاد — کیون ہوا درد ناک ای ناشاد

تیرا آرام لیگئی وہ آہ — بیکلی دلکو دیگئی وہ آہ

بولا اچھا غنقریب ہجران سے — مین ہوں پھر اور داغ ہجران ہے

کاش رہتی بدوش تو ہر دم — رہتا مین تا بیام خرش خرم

رات دن مین نکرتا ایک مقام — رہتا گردش ہی مین مجھی آرام

چرخ دوار کو کہون اب کیا — آہ ظالم نہ یہہ بھی دیکھہ سکا

ہی جو گردش سپہری ہما نمین بخت — جل گیا تیر جال پر کم بخت

در بیان باز گردیدن از انجا و یکایک رسیدن هر دو بزیر قصر و گریه نمودن هر دو و داخل شدن شیرین بقصر خود و رفتن فرهاد بازبکوه بیستون

ساقیا آفتاب دی براق — که نکلتا هی شمس روز فراق

ایسی مدهوش عشق تهی دو نو — که نه رسته کی تهی خبر اونکو

یهه نه معلوم تها او نهین کچهه بهی — کتنا آئی هین کتنا هی باقی

نیم شب تهی که آگئی ناگاه — زیر قصر بلند عالیجاه

رو کی فرهاد نی وهان یکبار — دیا شیرین کو اپنی سر سی اوتار

اور کها جا خدا کو سونپا تجهی — ابکی جیتا نه دیکهیو تو مجهی

قرب هو کر جو هو فراق تیرا — یهی تها موجب وصال میرا

مجهکو جیتا رکهی جهان مین خدا — میرا کیا هی رها رها نه رها

شیرین تهی روکی یهه یه کهنی لگی — کاش تجهپر فدا هو جان میری

کاش دیکهی تهی نه یون شیرین — یهی مر جای تیری آگی کهین

حق تعالی ملای پهر تجهی — جلد تجهکو ملای پهر مجهی

رو رو کهنی لگا وه سوخته حال — وصل ظاهر نهین بغیر وصال

گر نصیبون مین میری هوتا وصل — تو نه اسطرح سی یهه هوتا فصل

یا سی جب قریب سی هو بعید — زندگی کی عبث هی پهر امید

هاتهه لگجاوی گوهر مقصود — اور هو جاوی خود بخود مفقود

پهر لگی هاتهه کب در مطلب — جز خذف ریزه های رنج و تعب

کوہ کو گو یہہ کاہ کرتا تہا ۔ کوہ اسکو تباہ کرتا تہا
کوہ مین یہہ شگاف کرتا تہا ۔ کوہ اسکو ہی صاف کرتا تہا
کوہ کو یہہ فگار کرتا تہا ۔ کوہ اسی سنگسار کرتا تہا
کوہ سی بس یہہ جنگ کرتا تہا ۔ کوہ اسی زیر سنگ کرتا تہا
گو یہہ خستہ جبال کرتا تہا ۔ کوہ اسی خستہ حال کرتا تہا
توڑتا تہا یہہ کوہ کی پتہر ۔ کہودتا تہا وہ اپنی قبر مگر
کوہ سی جو اوسی عداوت تہی ۔ کوہ سی سخت اوسکی محنت تہی
سرزنش اوسکی کیا کرون اقدام ۔ شام سی صبح صبح سی تا شام
پہوڑتا تہا عرض وہ خستہ جگر ۔ سر سی گہ سنگ سنگ سی گہ سر
کام مین اپنی یون ہوا سرگرم ۔ کہ ہوا کوہ اوسکی آگی نرم
جب وہ کرتا تہا پاش پاش اوسی ۔ کوہ کہتا تہا باش باش اوسی
جب لگاتا تہا ضرب وہ کس کر ۔ کوہ کہتا تہا بہر حق بس کر
جب وہ کرتا تہا کوہ لخت جدا ۔ کوہ کہتا تہا بس برای خدا
جب وہ کرتا تہا کوہ دل مین شگاف ۔ کوہ کہتا تہا بس معاف معاف
جب لگاتا تہا تیشۂ جانکاہ ۔ کوہ کہتا تہا مر گیا بس آہ
گرم جوشی سی اوسکی یکبارہ ۔ ہو گیا مثل موم وہ خارہ
گر گیا تہا جو پہلی پارہ اوسی ۔ پارہ پارہ کیا دوبارہ اوسی
آخرش کو بحملۂ فرہاد ۔ رہ گئی ربع کوہ کی بنیاد
بیستون کی جگر مین خوف ہوا ۔ بیستون دگر کو خوف ہوا

ہوئی پاؤن نہ مین ذرا بدنام ... اور ہو جاوی کوہ کن ناکام

سُنکی ہر بات مشیرِ دولت نی ... کہا فرمایا جو کہ حضرت نی

عین رائی صواب ہی یہہ فکر ... لائق رعب و داب ہی یہہ فکر

عاقبت سب نی فکر کرلا چار ... کوہ و صحرای وہم مین یکبار

سب نشیب و فرازِ اندیشہ ... دیکھہ کر چہوڑا بازِ اندیشہ

آخرش سبکا بس ہیں اوقات ... آیا شہبازِ فکر خالی ہات

ہان مگر ایک جغد سیرت کا ... زاغ لایا بجنگ ظلم آرا

یعنی تدبیرِ کشتنِ فرہاد ... بوم طبعی سی اپنی کی ایجاد

عرض درگاہِ بادشہ مین کی ... رہزنی عاشقون کی رہ مین کی

یہہ وہ بولا کہ ای شہِ عادل ... دفع کیا اس مہم کا ہی مشکل

اسکی دشوار کچہہ نہین تدبیر ... ایک ہی بات اوسکو ہی شمشیر

ہی وہ بانو کا عاشقِ صادق ... جانتی سب ہین جیسا ہی عاشق

نام شیرین پہ جانکو ہی دیتا ... کب نہ مرتی پہ اوسکی جان دیگا

یہہ سنا دی اوسی کوئی مکار ... کہ موا آج تیرا وہ دلدار

جب سنیگا وہ مُردنِ شیرین ... جانِ شیرین وہ اپنی دیگا وہین

یہہ سخن کان تک نہ پہنچیگا ... کہ وہ پہلی ہی جان دی دیگا

یہہ سخن جب کہ اوس لعین نی کہا ... دل کو ہر اہلِ دل کی تلخ لگا

اور گئی جملہ بارگاہ کی ہوش ... شاہ بھی ظاہرا ہوا خاموش

یہہ بہی پرویز کی تہی ایک تزویر ... کہ ہو اُسن جو سنکی یہہ تدبیر

نالہ و شور و غل کیا یکبار
لگا رونے وہ بس پکار پکار

بیٹھ کر پیش عاشق جانباز
گریہ پر درد دل کیا آغاز

نوحہ مکر بر زبان لایا
دام تزویر ایک پھیلایا

گرم نالہ کی اوسکی سن آواز
بولا وہ موم دل بسوز و گداز

آہ کیون بیقرار ہی بیوہ
کسکا کرتی ہی تو یہان نوحہ

کسکا ہی درد تجھکو خستہ جگر
جو تو میری طرح سی ہی مضطر

کسکی دیکھی ہی نرگس فتان
جو تو ہی مثل کوہ کن گریان

کس سی دل بستہ ہی تو اے لاچار
جو تو فرہادسان ہی زار و نزار

کس پہ ہی رو پہ دلفگار ہی تو
کسکی فرقت مین بیقرار ہی تو

کس مسیحا کی نیم جان ہی تو
کون سی ماہ کی کتان ہی تو

تیرا محبوب کونسا ہی وہ گل
کون سی شاخ گل کی ہی بلبل

کس پری وش کا ہی تو دیوانہ
ہی تو کس شمع رو کی پروانہ

قمری کس قد رشک سرو کی ہی
دل فدا کون سی تذرو کی ہی

کس پہ مائل ہوا ہی دل تیرا
کس صنم نے لیا ہی دل تیرا

کس کے زلفون مین تو ہوئی اسیر
کسکی مژگان کی تو نے کھائی ہی تیر

کسکی ابرو کی تیغ کھائی ہے
کس پہ تیری طبیعت آئی ہی

کسکا تجھکو فراق ہی بیوہ
کسکا اشتیاق ہی بیوہ

جو تو رو رو کی زار زار یہان
مجھکو کرتی ہی بیقرار یہان

بولی کیا کچھ نہین ہی تجھکو خبر
عمر غفلت مین تو نے کاٹی گر

سنکی فرہاد نی آہ حزین | کہا ای وای کیا ہوا شیرین
ہای بس مجھکو کردیا مایوس | وای صد وای حیف صد افسوس
کیا ایک ایسا نالہ جانکن | کہ کلیجے مین ہوگیا روزن
سوز دل سی ایک آہ ایسی کے | کہ دہن پھنکیا جھلس گیا ہے
شور کرنی لگا بصد فغان | نوحہ کرنی لگا وہ سوختہ جان
ہای کیا یہہ چرخ تو نی کیا | عوض قند زہر مجھکو دیا
عمر کاٹی پہاڑ مین پیسنے | پھونک دی جان پہاڑ مین بیٹھے
سب یہ اوسکی لیئی اوٹھای رنج | کہ لگی گا وہ ہاتھ میری گنج
عوض گنج اژدہا نکلا | آخر اوس اژدہی نی مجھکو ڈسا
کان کہود کیا سدا ناشاد | از برای حصول لعل مراد
نکلی ہیری کی ایک دہانسی کنی | اوس سی آخر ہوئی جگر شکنی
ہوا ہر چند ساکن صحرا | کہ ملی کاش آہوی رعنا
نکلا وہانسی ہی ایک گرگ بزرگ | کہا گیا عاقبت مجھی وہ گرگ
بحر غم مین لگائی سو غوطی | کہ در عیش میری ہاتھ لگی
نکلا وہانسی نہنگ سخت دہن | ہوا اوسکی غذا مین سوختہ تن
ہای تو نی یہہ کیا کیا فرہاد | یونہین پچہ برس گئی برباد
ہای ای دلبر یگانہ من | وای ای نور چشم خانہ من
ہای ای طوطی سخن شیرین | وای ای بلبل حسین شیرین
ہای ای زیب محفل دوران | وای ای زینت زمین و زمان

۴۹

بی توشہ تلخکام سکینت | وای شیرین لب وزبان مبہات
تو مری اور یہہ جیی ناشاد | یہہ نہ ہرگز کبھی کری فریاد
کہہ کی یہہ اور آہ کر یکبار | تیشہ مارا ہی سر پہ آخر کار
سر سی تیشہ زمین پہ جا ٹھہرا | صدمہ عرش بریں پہ جا ٹھہرا
ڈر گیا لرزہ اک میل بمیل | ہلگیا تخت گاہ رب جلیل
ہوا بسمل جو وہ دل غمناک | جگر بیستون ہوا صد چاک
کہا کی تیشہ جو وہ زمین پہ گرا | بولا ہر سنگ کوہ واویلا
مر گیا وہ جو عاشق ناشاد | تہی ہر اک سمت شورش فریاد
آیا از بہر نوحہ ای سکین | سوی فرہاد چشمۂ شیرین
دامن کوہ سی یہہ آئی ندا | کوہکن آہ تلخکام موا
ہی مورخ سی یہہ ہوا معلوم | کہ موا جب وہ عاشق مغموم
دستۂ تیشہ سی اگا اک نخل | اسمین ہرگز نہیں ہی عقل کو دخل
شجر اوسکا انار کہتی ہین | ثمر خوشگوار کہتی ہین
دردسر کی غرض دوا تہا وہ | اور مدقوق کی شفا تہا وہ
قصہ کوتہ کہ جب موا فرہاد | ہوگیا قید رنج سی آزاد

در بیان خبر شدن مرگ فرہاد بشیرین و نوحہ و ماتم کردن او مع پرستاران

درد آمیز سا قیا دی تنگ | کہ می عیش سی ہوا جی تنگ
پہنچی شیرین کو جبکہ اوسکی خبر | ہوگیا تلخ اوسکو شیر و شکر

نہ وہ نالہ ہی اور نہ زاری ہے — نہ وہ افغان نہ بیقراری ہے

نہ وہ حملہ ہی بیستون کی ساتھہ — نہ وہ تیشہ زنی نہ زور کی ہاتھہ

نہ وہ تیشہ زنی ہی ساتھہ اوسکے — اور نہ وہ کہہ کنی ہی ساتھہ اوسکے

لاش افتادہ گرد چہری پہ — سرخی خون ہی زرد چہری پہ

خاک تن پہ ہی نے پیرتن ہی خاک — چین سی ہی پڑا وہ عاشق پاک

خون جو جابجا تہا اوسکی بہا — نقش ہر جا تہا نام شیرین کا

سنگ تہا لوح خون تہا شجرف — نام شیرین کی تہی لکہی ست حرف

ہوئی بی اختیار دیکہہ اوسی — روئی بس ڈاڑہ مار دیکہہ اوسی

کہا ای وای تو موا فرہاد — اور مین رہگئی دل ناشاد

جو کہا تہا سو وہی تونی کیا — مفت مین ہای اپنی جی کو دیا

میری مرنی کی جہوٹ سنکی خبر — سچ ہی تو مرگیا میری دلبر

پہلی معلوم تو کیا ہوتا — ساتھہ ہی تونی مجہی دیا ہوتا

رباعی

چہوڑکر مجہکو مرگیا تو ہای — ہای کیا کام کرگیا تو ہای

کسطرف جا کی دل کو بہلاؤن — ہای عاشق کدہر گیا تو ہای

غزل فارسی

شربت مرگ خوردہ فرہاد — ای من ای تلخ کردہ فرہاد

بیتو کی زندگی کنم ہیہات — صبر و آرام بردہ فرہاد

تیشہ بر خود نخوردہ لیکن — از دلم خون فشردہ فرہاد

ہی یہی بسکہ گریہ شیرین | کہ ہو تجہیز اسکی اور تکفین
الغرض اوسکو وہان کیا مدفون | تہا وہ افتادہ جسجگہ پر خون
بادشاہ ہونکا جیسا ہو آئین | اوس طرحسی اوسی کیا تدفین
مقبرہ ایک بنا کی شام و پگاہ | اپنا اوسکو کیا زیارت گاہ
وہ زیارت تہی اوسکا غم خانہ | وہی درگہہ ہی حرم خانہ
ہی یہہ کیا خوب مرگ عاشق زار | ہوی معشوق پاسبان مزار
ایسا رتبہ ملی جو ہمسکو کبہی | جان شیرین فدا کرین ہم ہی
اثر عشق دیکہو سکین | ہوی فرہاد عاقبت شیرین
مرتبہ عشق کا ہی سب سی بلند | خستہ جانونکو اوس سی ہے پیوند
جا ہی دلمین عشق کا کچہہ درد | ہوی کیسا ہی یہہ بموجب فرد
شغل بہتر ہی عشق بازی کا | کیا حقیقی ہو کیا مجازی کا
ہو مجازی ہی ہی جسکو ہی اچہا | اور حقیقی ہو پہر تو کیا کہنا
عشق مین اوسکی جب میزان | عشق جب اوسکا ہو تو پہر دیکہو
پاون رکہی نہ پہر زمین اوپر | پہنچی افلاک سی کہین اوپر
رکہی آنکہون پہ اپنی اسکو فلک | تہ فلک اوسکا بام ہو بیشک
یہہ سمجہتا ہی گر تو اہی سکین | تو نگر عشق مین اب اوسکی کہین
جسکو ہی عشق ہی وہی انسان | ورنہ بی عشق بدتر از حیوان
تہا جو سینہ مین کچہہ نشانہ عشق | تو یہہ مینی کہا فسانہ عشق

در بیان توصیف تصنیف کتاب و عجز و مسکینی

بسکہ پر نور ہی یہہ چشمہ شیر — ہی ہر اک موج اسکی بدر منیر
ہی یہہ وہ داستان سخن — میر ہاوی نہ جسکو اور حسن
ہی رجا اوسمین جو کوئی دیکھی — بی تامل نہ اعتراض کرے
خوب معنی مین پہلی کرلی غور — کہ مضامین اسکا ہی کس طور
بعدہ اختیار ہی اوسکو — خواہ وہ بد کہی دیا اسکو
یون جو دانا پہر اوسکو دیکھیگا — عیب بینک نہین نکالیگا
ہی یہہ پند اونکو جو ہین اہل شعور — ورنہ نادان کا یہان نہین مذکور
کام نیکو نکا ہی نکوئی سے — عیب جو کو ہی عیب جوئی سے
وصف اہل نظر نگاہ کرین — نہ کہ بس عیب پر نگاہ کرین
دیکھین اس آینہ کو اہل کمال — کہ نمایان ہی اسمین حسن و جمال
ہی یہہ صاف آینہ سراپا — لفظ لفظ اوسکا ہی آئینہ
جسکا جی چاہی دیکھ کر اسکو — دیکھ لے اپنی شکل جیسی ہو
ہی یہہ امید اہل معنے سی — کہ خطا دیکھی اور چھپا دیوے
کہ خطا سی نہین کوئی خالی — ہی خطا سبکا جوہر ذاتی
ہی مرکب خطا سی سب انسان — کیون نہ جوہر پہر اپنا ہو نسیان
ق
اور جو ہوین معترض بعین صواب — تو یہہ بس نقل ہی انہو نکا جواب
قیل ان الالہ ذو ولد — قیل ان الرسول قد کہنا
ما نجی اللہ والرسول معا — من لسان الوری فکیف انا
چہوڑ اس گفتگو کو اے مسکین — ختم کر جلد قصہ شیرین

٥٣

الحمد للہ والمنہ کہ این قصۂ عجیب
و داستان غریب یعنی
مثنوی شیرین و خسرو و فرہاد
تصنیف میان مسکین شاہ
... باہتمام
... خلف
حاجی محمد مصطفی خان روشن خان
غفرلہما المنان در بیت السلطنت لکھنؤ
محلہ محمود نگر زیر کرسی واقع
بتاریخ بست و پنجم
شہر جمادی الاول سنہ ۱۲۶۳
ہجری ... انطباع پوشید

قطعۂ تاریخ از نتائج طبع ... نصیر سلمہ اللہ ... ۵۴

...

یعنی اس طور سی یہہ ہی تحریر	کوثر و سلسبیل و چشمۂ شیر

قطعۂ تاریخ تصنیف غلام مولا خان

ایک مشفق ہین بس فصیح زبان	نام اونکا غلام مولا خان
شعر مین اونکی ایک ملاحت ہی	اور تقریر مین فصاحت ہی
اسکی تاریخ یہہ انہون نی کہی	داستان بانمک ہی شیرین کی

قطعۂ تاریخ تصنیف شیخ عبد الوحد

قصۂ دلکش و راحت بخش	خاص تصنیف حضرت مسکین
مشتمل داستان رنگارنگ	ذکر فرہاد و خسرو و شیرین
ہوگیا پڑہتی ہی میری واحد	صفحۂ دل پہ مثل نقش نگین
مینی بی اختیار یہہ چاہا	کہئی تاریخ اسکی ایک رنگین
ہاتف غیب سی ہوئی یہہ ندا	خوب کی چاہ واہ ای شیرین

دعا در باب مغفرت خود

یا الہی بقا ہی تیری لئی	ابتدا انتہا ہی تیری لئی
ہی توہی باطن اور توہی ظاہر	ہی توہی اول اور توہی آخر

ای خداوند ہر یگانہ و غیر
کیجو مسکین کا خاتمہ بالخیر

2238

تمت